Telephonic conversation between Prime Minister and President of the European Council

May 07, 2020

وزیر اعظم اور یورپی کونسل کے صدر کے مابین ٹیلیفونک گفتگو

07 مئی، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج یورپین کونسل کے صدر عالی جناب چارلس مائیکل کے ساتھ فون پر گفتگو کی۔

دونوں رہنماؤں نے ہندوستان اور یوروپی یونین میں کووڈ 19 وبائی مرض اور اس کے خلاف رسپانس کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے وبائی مرض کے پیش نظر فراہم کردہ باہمی تعاون کو سراہا، جس میں ضروری دواؤں کی مصنوعات کی فراہمی کو یقینی بنانا شامل ہے۔

رہنماؤں نے کووڈ 19 کے صحت اور معاشی اثرات کو مؤثر طریقے سے حل کرنے کے لئے علاقائی اور عالمی سطح پر کوارڈنیشن کی اہمیت کو تسلیم کیا۔

رہنماؤں نے ہندوستان- ای یو اسٹریٹجک شراکت داری کو مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ان کے عہدیداران مل کر اگلے ہندوستان - ای یو سمٹ اجلاس کے لئے ٹھوس ایجنڈا تیار کرنے کے حوالے سے مل کر کام کریں گے۔

رہنماؤں نے کووڈ کے بعد کے تناظر کے ساتھ ساتھ بحران کی ابھرتی ہوئی پہلوؤں پر بھی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

07 مئی 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release